اذان اور اقامت کے درمیان کی جانے والی دعا رد نہیں کی جاتی۔

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اذان اور اقامت کے درمیان کی جانے والی دعا رد نہیں کی جاتی“۔
[صحیح] [اسے ابنِ حبان نے روایت کیا ہے۔]

یہ حدیث اذان اور اقامت کے درمیان دعا کرنے کی فضیلت پر دلالت کرتی ہے۔ پس جس شخص کو (اس وقت) دعا کرنے کی توفیق نصیب ہوگئی تو درحقیقت اس کے ساتھ خیرکا اور قبولیت کا ارادہ کیا گیا ہے۔ آذان اور اقامت کے درمیان دعا کرنا اس لیے مستحب ہے کیونکہ انسان جب تک نماز کا انتظار کرتا رہتا ہے، تو وہ نماز ہی میں رہتا ہے اور نماز دعا کی قبولیت کی جگہ ہے کیونکہ اس میں بندہ اپنے رب سے مناجات کرتا ہے۔ لہٰذا مسلمان کو چاہیے کہ اس وقت خوب دعا کرے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5479